4-Aug-09

پریس ریلیز

عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل حیرت انگیز خدمات انتہائی شفاف انداز میں انجام دے رہا ہے۔
ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی

کراچی (نمائندہ خصوصی) عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل مختلف شعبوں میں حیرت انگیز خدمات انتہائی شفاف انداز میں انجام دے رہا ہے جسکا میں معترف ہوں۔ یہ بات جامعہ کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر پیرزادہ قاسم رضا صدیقی نے ٹرسٹ کی جانب سے تقریباً ایک سو نرسری تا گریجویشن کے طالبعلموں کو ایک سال کی فیس بذریعہ چیک دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جو معاشرے کی ضروریات کا احساس کرتے ہوئے اپنے لائحہ عمل ترتیب دیتا ہے صحت و تعلیم کے شعبوں سمیت دیگر درجنوں مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ کوشاں رہتا ہے۔ انہوں نے کہا پاکستان جو کہ اس وقت ان گنت مشکلات سے دوچار ہے، ان حالات میں عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ اس دور میں سورج کی ایک کرن ہے۔ پیرزادہ قاسم رضا صدیقی نے کہا ہمیں رب کریم کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ اس نے ایسے اداروں کو فلاح انسانی پر مامور کیا جو بلاامتیاز رنگ نسل لوگوں کی خدمت کررہا ہے۔ انہوں نے آڈیٹوریم میں موجود بچوں کیساتھ آنے والے والدین کو تلقین کی کہ آپ بھی بھرپور طریقے سے اس خدمت کا صلہ اس طرح دیں کہ ان بچوں کی تعلیم کو ہر حال میں جاری رکھیں جن کی سال بھر کی فیسوں کا بوجھ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ نے اٹھایا ہوا ہے۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم سب ان خدمات کا برملا اظہار کریں۔

انہوں نے دعا کی کہ رب کریم اس ادارے سے وابستہ افراد کو مزید ہمت اور بہترین جزا عطا فرمائے۔ اس موقع پر چیئرمین چودھری نثار احمد نے بورڈ آف ٹرسٹیز کی جانب سے معزز مہمان کو یادگاری شیلڈ پیش کی اور انکی آمد پر شکریہ ادا کیا۔ واضح رہے کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کے تحت 2000 طلباء کو اسکول اور کالج کے کورس بھی فراہم کیے جن پر مجموعی طور پر تقریباً بیس لاکھ روپے کے اخراجات کیے گئے۔

#